لوہے کی راڈ سے دروازہ توڑ کر ہزاروں کی چوری

اھرولا تھانہ علاقہ کے ماھل مین چوک میں ھوئی واردات

پھول پور آعظم گڑھ (ایس این بی) چوروں نے اہرولا تھانہ علاقہ کے نگر پنچایت ماہل کے شیواجی مین چوک پر واقع پان گمتی کا دروازہ توڑ کر نقدی سمیت ہزاروں مالیت کا سامان لے اڑے۔ ایک ہفتہ میں دوسرا واقعہ پیش آنے سے تاجروں میں خوف وہراس کا ماحول ہے۔متاثرہ نے تھانہ میں شکایت درج کرائی ہے۔

جناردن چورسیا ولد لال جی چورسیا ساکن وارڈ نمبر 6 پیر عبدالحمید نگر کی شیواجی مین چوک پر گمٹی میں پان کی دکان ہے۔کل رات تقریباً 10 بجے جناردن چورسیا دکان بند کرکے گھر چلے گئے۔ اس دوران دروازے کو چوروں نے لوہے کی سلاخ سے توڑ دیا۔ چور دکان میں رکھے سامان کے ساتھ 350 پیکٹ سگریٹ، 50 پیکٹ پان مسالہ، 1500 روپے نقدی لے گئے۔اس دوران جب متاثرہ بدھ کی صبح 5 بجے دکان کھولنے آئی تو اس نے دیکھا کہ دروازہ ٹوٹا ہوا تھا۔اندر وہی بکھرا ہوا ہے۔متاثرہ نے اہرولا پولس اسٹیشن میں تحریری شکایت دے کر کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔اس سے پہلے بھی سنیل موبائل سنٹر ماہل پھول پور روڈ کی دکان کے سامنے سے گاڑی میں لدے سافٹ ڈرنک کے 30 ڈبوں کو چوری کیا گیا تھا۔ پولیس اس سے قبل ہوئی چوری کا پردہ فاش نہیں کرسکی اور چوری کی ایک اور واردات ہوگئی۔ دس دنوں کے اندر پیش آنے والے دو واقعات کی وجہ سے تاجروں میں غم وغصہ کے ساتھ ساتھ خوف و ہراس بھی ہے۔سب سے اہم بات یہ ہے کہ جس جگہ یہ پان دکان ہے وہاں 24 گھنٹے پولیس تعینات رہتی ہے اور وہاں سی سی ٹی وی بھی لگے ہوئے ہیں۔اسی جگہ پر نگر پنچایت کی جانب سے کیمرے لگائے گئے ہیں۔ بی جے پی لیڈر سوجیت جیسوال نے پولیس کے کام کاج پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ سافٹ ڈرنک کی دکان میں ہوئی چوری کی سی سی ٹی وی فوٹیج ملنے کے بعد بھی پولس نے کوئی کارروائی نہیں کی جس کی وجہ سے چوری کا یہ دوسرا واقعہ ہے۔

مشن ڈرگس فری کیمپس اینڈ سوسائٹی مہم کے تحت بیداری پروگرام

جون پور (ایس این بی) مشن ڈرگس فری کیمپس اینڈ سوسائٹی مہم کے تحت پوروانچل یونیورسٹی میں عوامی بیداری پروگرام کا اختتام ہوا۔ اختتامی پروگرام کے مہمان خصوصی اوما ناتھ سنگھ خود مختار ریاستی میڈیکل کالج کے پروفیسر پرنسپل ڈاکٹر شیو کمار نے کہا کہ جدید زندگی میں ہماری ضرورت سے زیادہ توقعات اور تقاضے ہمارے تناؤ کی وجہ ہیں۔ اسی طرح طلباء کا غیر ضروری تناؤ ان کے منشیات کی طرف مائل ہونے کی بڑی وجہ ہے۔ڈاکٹر شیو کمار نے کہا کہ اگر ہم اپنے تناؤ کو اپنے خاندان اور دوستوں کے ساتھ شیئر کریں تو ہمارا تناؤ کم ہو جاتا ہے اور ہم نشے کی طرف ایک قدم بھی اٹھانے سے بچ سکتے ہیں۔انہوں نے سپاری جیسی شوق کو جلدی کینسر کا سبب قرار دیا۔ یونیورسٹی کے فنانس افسر سنجے رائے نے کہا کہ طلباء کو کس طرح خود کو منشیات سے بچانا چاہئے اور ساتھ ہی ساتھ یوگا کو بھی اپنے طرز زندگی میں شامل کرنا چاہئے۔اہم چیزیں نمایاں طور پر رکھی گئیں۔ صدارت کررہے پروفیسر اجے دویدی نے مہم سے جڑے یونیورسٹی کے اساتذہ، ملازمین، طلباء اور افسران کا شکریہ ادا کرتے ہوئے گزشتہ برسوں میں یونیورسٹی کے کچھ ساتھی ملازمین اور اساتذہ کے ساتھ منشیات کے استعمال کی وجہ سے جان لیوا ہونے والے واقعات کو شیئر کیا۔انہوں نے کہا کہ وہ سب آج اس دنیا میں نہیں ہیں جس کی ایک بڑی وجہ ان کا منشیات استعمال کرنا تھا۔ اس موقع پر یونیورسٹی کے طلباء سین تھامس، پون سونکر، سمر جیت سونکر، شبھانگ مشرا، سونالی مشرا، انکیت سونکر، انجلی مشرا، پریا پال کو 'نشے کے خلاف' مہم میں فعال کردار ادا کرنے پر اعزازات سے نوازا گیا۔ نظامت کوآرڈینیٹر اور نوڈل افسر ڈاکٹر منوج کمار پانڈے نے کیا۔اس موقع پر امتحانات کنٹرولر اجیت پرتاپ سنگھ، ڈپٹی رجسٹرار ببیتا سنگھ، ڈاکٹر لکشمی پرساد موریہ، ڈاکٹر ممتا سنگھ، یوگاچاریہ جے سنگھ، ایمپلائز یونین کے جنرل سکریٹری رمیش یادو، محمد افسر علی، جتیندر شرما، سنتوش موریہ، ستیہ پرکاش پال وغیرہ موجود تھے۔

اہرولا بلاک کے گیٹ کے سامنے منریگا مزدوروں کا احتجاج

پھول پور آعظم گڑھ (ایس این بی) ترقیاتی بلاک اہرولا میں آج دوپہر 12 بجے منریگا مزدور یونین کی ضلع صدر نویتا شرما کی قیادت میں منریگا مزدوروں نے احتجاج کرتے ہوئے مظاہرہ کیا۔ یونین کی صدر نے منریگا مزدوروں کی اجرت 200 روپے سے بڑھا کر 400 روپے کرنے اور مزدوروں کو باقاعدہ کام فراہم کرنے کا مطالبہ کیا۔اس موقع پر نویتا شرما، ضلع صدر منریگا یونین بلاک صدر، ارجن گپتا، پریم شنکر نشاد اندرکلا، دروپدی سروجا نیلم ایتا نرمل کنچن، ریتا اوشا سنیتا رینو۔شانتی جئے بدن پردیپ وغیرہ موجود تھے۔

رابطہ سڑک زیر آب، عوام کو مشکلات کا سامنا

جون پور (ایس این بی) ضلع کے کجگاؤں نگر پنچایت میں زیر تعمیر پنچایت دفتر کے قریب واقع لنک روڈ پانی میں ڈوب جانے کی وجہ سے اس سڑک پر سفر کرنے والے لوگوں کے لیے پریشانی کا باعث بن گیا ہے۔اس پر گرنے سے کب کون گر کر زخمی ہوجا؟، سڑک عوام کو حادثہ کی دعوت دے رہی ہے۔

بتاتے ہیں کہ اس لنک روڈ پر بازار کا کچرا پھینکنے سے پیدل چلنے والے بھی کچرے کی بدبو سے مکمل طور پر پریشان دکھائی دیتے ہیں۔ مذکورہ مسئلہ کو حل کرنے کے بجائے نگر پنچایت صدر سمیت تمام ذمہ داران پوری طرح کمبھا کرنی نیند میں ہیں۔نگر پنچایت میں کچرا پھینکنے کی جگہ نہ ہونے کی وجہ سے ہر روز قصبہ سے نکلا کچرا زیر تعمیر پنچایت دفتر لے جایا جاتا ہے اسے قریبی رابطہ سڑک کے کنارے پھینک دیا جاتا ہے۔کوڑا کرکٹ کو ٹھکانے لگانے کا کوئی نظام نہیں جس کی وجہ سے سڑک کے کنارے پھینکا گیا کچرا سڑک پر آجاتا ہے۔ گزشتہ رات کو اے مانسون کی پہلی بارش میں سڑک پر پانی جمع ہونے کی وجہ سے پیدل چلنے والوں کو آنے جانے میں شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑرہا ہے۔ قصبے کی لوگوں نے اس مسئلے کو جلد از جلد حل کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

مختصر خبریں

پیٹ درد کے بعد عورت کی موت

کنڈہ/پرتاپ گڑھ (ایس این بی) پیٹ درد کا علاج کرا رہی عورت کی اچانک طبیعت بگڑ گئی۔اہل خانہ اسے پریاگ راج لے جا رہے تھے کہ راستہ میں اس کی موت ہوگئی۔عورت کی موت کی اطلاع ملتے ہی اہل خانہ میں کہرام مچ گیا۔بتاتے چلیں کہ سنگرام گڑھ تھانہ علاقہ کے سرائے چھتا گاؤں کے برجیش کمار کی 30 سالہ بیوی منجو دیوی کو منگل کو پیٹ میں درد اٹھا تھا۔مقامی ڈاکٹر سے علاج کرایا تو اسے آرام م گیا لیکن بدھ کو پھر سے تیز درد اٹھا اور حالت بگڑنے لگی تو گھبرائے اہل خانہ اسے پریاگ راج لے جا رہے تھے۔اسپتال پہنچنے سے قبل ہی عورت کی موت ہوگئی۔عورت کے موت سے اہل خانہ میں کہرام مچ گیا۔متوفیہ کے دو معصوم بیٹیاں تنوجا، ویشنو ہیں جن کا رو رو کر برا حال ہے۔

لڑکی کو بھگانے پر نوجوان پر مقدمہ درج

سنڈوا چندریکا/پرتاپ گڑھ (ایس این بی) تھانہ حلقہ کے بابوگنج بازار کے پاس واقع ایک گاؤں کی عورت نے پڑوس کے گاؤں کے ایک نوجوان پر اپنی بیٹی کو بہلا پھسلا کر بھگا لے جانے کا الزام لگایا ہے۔عورت کا الزام ہے کہ ریوی گاؤں کا نوجوان جیوا اس کے گھر پر اکثر آتا جاتا تھا۔اس دوران ان کی بیٹی کو محبت کے جال میں پھنسا لیا۔منگل کو ان کی بیٹی کو فون کرکے بلایا اور بیٹی کو گھر کے باہر بلا کر بھگا لے گیا۔عورت کی تحریر پر پولیس نے اغوا کا مقدمہ درج کرلیا ہے۔

طمنچہ کے زور پر نوجوان سے موبائل کی لوٹ

پٹی/پرتاپ گڑھ (ایس این بی) سڑک کنارے کھڑے نوجوان کے پاس اپاچی موٹر سائیکل سوار تین بدمعاش پہنچے اور نوجوان کی کنپٹی پر طمنچہ سٹا کر موبائل چھین لیا اور فرار ہوگئے۔کوتوالی کے پرانی پٹی محلّہ کے کرن گوتم نے پولیس کو دی گئی تحریر میں بتایا کہ دوپہر تقریباً 12 بجے ڈھکوا روڈ واقع بی بی پور نہر پلیا کے پاس کھڑا تھا۔اسی دوران ڈھکوا کی طرف سے ایک اپاچے پر تین لوگ آئے اور موبائل چھیننے لگے۔جب نوجوان نے مخالفت کی تو بدمعاشوں نے نوجوان کے کنپٹی پر طمنچہ لگا کر موبائل چھین لیا اور فرار ہوگئے۔کوتوال آلوک کمار کا کہنا ہے کہ معاملہ مشتبہ معلوم ہو رہا ہے۔پھر بھی جانچ کی جا رہی ہے۔

دوسری شادی کرنے پر شوہر پر مقدمہ

ٹانڈہ/امبیڈکر نگر (ایس این بی) کوتوالی ٹانڈہ کے محلّہ نہرو نگر میں پہلی بیوی کے رہتے دوسری شادی کرنے و پہلی بیوی کو زدوکوب کرنے کے معاملہ میں ایس پی کی مداخلت پر ٹانڈہ کوتوالی پولیس نے شوہر و دوسری بیوی کے خلاف مقدمہ درج کیا ہے۔محلّہ نہرو نگر کی پریتما بیوی دیا شنکر نے الزام لگاتے ہوئے بتایا کہ میرے شوہر گزشتہ ماہ نومبر 2023 میں کام کے سلسلہ میں کانپور گئے تھے۔کئی ماہ تک انھوں نے اپنے بچوں کا حال چال نہیں لیا۔اس دوران پتہ چلا کہ انھوں نے سونی نامی عورت سے شادی کر لی ہے۔اس بابت بات کرنے پر گالی گلوج و دھمکی دیتے ہوئے زدوکوب کرنے لگا۔انچارج انسپکٹر کوتوالی دیپک سنگھ رگھونشی نے بتایا کہ دیا شنکر و سونی کے خلاف مقدمہ درج کرکے جانچ خاتون سب انسپکٹر رینا یادو کو سونپی گئی ہے۔

رنجش میں عورت کی پٹائی، پانچ پر مقدمہ

لال گنج/پرتاپ گڑھ (ایس این بی) رنجش میں ہوئی مار پیٹ کے معاملہ میں پانچ ملزمان کے خلاف بلوا و مار پیٹ کا مقدمہ درج کیا گیا ہے۔لال گنج کوتوالی کے ڈھگوسی چھت پٹی کی پریما دیوی سروج نے پولیس کو دی گئی تحریر میں کہا ہے کہ منگل کو رنجش کے سبب گاؤں کے سجے سروج و چھوٹ سروج ولد مٹرو، منجو سروج بیوی مونو، راما بیوی سنجے سروج، ریتا بیوی چھوٹوں نے لاٹھی ڈنڈے سے جم کر مار پیٹ کی۔بیچ بچاؤ کرنے پہنچے اس کے شوہر کو بھی ملزمان نے مار پیٹ کرکے نیم مردہ کردیا۔پولیس نے جانچ کے بعد سنجے سمیت پانچ ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کیا ہے۔انچارج انسپکٹر نیرج یادو نے بتایا کہ مقدمہ درج کرکے معاملہ کی جانچ کی جا رہی ہے۔

درجنوں خواتین کے بیانات قلم بند

جون پور (ایس این بی) چندوک تھانہ حلقہ کے رام گڑھ رہائشی گروپ کی درجنوں خواتین سے فریب ہونے کے معاملے میں ایس پی کی ہدایت پر سرولانس انسپکٹر رام جنم یادو کی قیادت میں ٹیم نے ایک خاتون اور اس کے ساتھی جو کہ اسی گروہ کے سرغنہ پر زیورات اور لاکھوں روپے کی غبن کے الزامات کی تحقیقات کیں اور درجنوں خواتین کے بیانات قلم بند کئے۔

واضع ہو کہ گزشتہ 15 جون کو رام گڑھ گاؤں کی رہنے والی ریکھا، انیتا، انجو، منجو، نینا، سیما، کرن، کسم، وندنا، حنا، شاردا، شاردا، پریتی اور ڈیڑھ درجن سے زائد خواتین نے تھانہ، تحصیل اور سپرنٹنڈنٹ آف پولیس کو درخواستیں دیتے ہوئے گاؤں کی مہیما اور اس کے ساتھی گروپ ڈائریکٹر پر مختلف قسطوں میں لاکھوں روپے کے زیورات کے غبن کا الزام لگاتے ہوئے انصاف کی اپیل کی تھی۔ پولیس سپرنٹنڈنٹ کی ہدایات پر پولیس کی ٹیم بدھ کی شام پہنچ کر تحقیقات کی۔ ٹیم نے الزامات لگانے والی خواتین کے بیانات کو قلمبند کرتے ہو؟ آئندہ کارواء کیل؟ ایس پی بھیج دیا ہے۔

عوام کے تعاون سے ہی جرائم کنٹرول کا مشن ہوتا ہے شرمندۂ تعبیر: ایس پی

ایس پی کی پولیس لائن آڈیٹوریم میں الوداعیہ تقریب

پرتاپ گڑھ (ایس این بی) ضلع کے مراد آباد ایس ایس پی عہدے پر تبادلہ ہوئے ایس پی ستپال انتل کو پولیس لائن کے آڈیٹوریم میں بدھ کو الوداعیہ دیا گیا۔الوداعیہ تقریب میں وکلاء، تاجر، ادیب ومعززین کے ذریعہ ایس پی ستپال انتل کو تین برس تک ضلع میں بہتر کارکردگی کیلئے عزت افزائی کی گئی۔ڈی ایم سنجیو رنجن کی صدارت میں اعزازی تقریب میں ایس پی انتل کے کرائم کنٹرول کے ساتھ ضلع کے لوگوں کے درمیان اچھا ماحول بنائے رکھنے کئے تعریف کی۔ایس پی ستپال انتل نے کہا کہ عوام کے یقین کو حاصل کرکے ہی جرائم کنٹرول کے نشانہ کو کامیاب بنایا جا سکتا ہے۔انھوں نے کہا کہ پولیس اور عام لوگوں کے درمیان سیدھے بات چیت اور یقین کے جذبات سے سماج میں امن وسکون کا ماحول بہتر ہوتا ہے۔تقریب کی صدارت کرتے ہوئے ضلع کے ڈی ایم سنجیو رنجن نے کہا کہ ایس پی ستپال انتل کے ساتھ انتظامیہ کی اسکیموں کو آپریٹ کرائے جانے میں پرسکون کا ماحول ملنا ایک خوشی کی بات ہے۔انھوں نے کہا کہ انتظامی کاموں اور جوڈیشیل بندوبست کے ساتھ ماحول کی بہتر مضبوطی دلانے میں آئی پی ایس ستپال انتل نے دن رات سخت محنت کی۔ پروگرام میں بیوپار منڈل، وکلاء تنظیموں، سول ڈفنس و میڈیا سے وابستہ تنظیموں کی طرف سے ایس پی ستپال انتل کو یادگاری نشان، مذہبی کتاب، بکے و گلپوشی کرکے گرم جوشی کے ساتھ عزت افزائی کی گئی۔ پروگرام کی کنوینر شپ اے ایس پی مشرق درگیش سنگھ اور اے ایس پی مغرب سنجے رائے نے کی۔ نظامت سینئر وکیل راج کمار سنگھ نے کی۔تقریب کو سی ڈی او نونیت سیہارا، اے ڈی ایم تربھون وشوکرما، سی آر او راکیش کمار نے بھی خطاب کرکے ایس پی ستپال انتل کی انتظامی کاموں کی تعریف کی۔ وہیں راجیہ سبھا رکن پرمود تیواری کے نمائندہ بھگوتی پرساد تیواری، جونیئر بار ایسوسی ایشن کے صدر روہت شکلا، آل انڈیا رورل بار ایسوسی ایشن کے قومی صدر گیان پرکاش شکلا، سابق صدر آنند پرچنڈ، اندو بھال مشرا، جنرل سکریٹری سنتوش سنگھ، سابق صدر مان سنگھ، سینئر ادیب راج نرائن شکلا راجن، لال گنج جوائنٹ وکلاء ایسوسی ایشن کے سابق صدر انل ترپاٹھی مہیش، سانگی پور بلاک پرمکھ اشوک سنگھ ببلو، ضلع کانگریس کمیٹی کے صدر ڈاکٹر نیرج ترپاٹھی، تاجر لیڈر منجیت سنگھ چھابڑا، راجیند رکیسروانی نے بھی عام لوگوں کی نمائندگی کرتے ہوئے ایس پی ستپال انتل کی جم کر تعریف کی۔

آخری پائیدان پر کھڑے افراد کو ملے اسکیموں کا فائدہ: ڈی ایم

امبیڈکر نگر (ایس این بی) ضلع مجسٹریٹ اویناش سنگھ کی صدارت میں کلکٹریٹ آڈیٹوریم میں ضلع سواشتھ سمیتی کی میٹنگ منعقد کی گئی۔ میٹنگ کے دوران قومی مشن کے تحت آپریٹ زچگی تحفظ اسکیم، زچگی بچہ تحفظ پروگرام، کنبہ بہبود، دواؤں کی فراہمی، ٹیکہ کاری، قومی اطفال صحت پروگرام، آیوشمان بھارت اسکیم، وزیر اعظم ماتر وندنا اسکیم، وزیر اعظم تحفظ ماں اسکیم وغیرہ کا جائزہ لیا گیا۔ میٹنگ کے دوران ضلع مجسٹریٹ کے ذریعہ سبھی ملازمین کی ادائیگی کے وقت سے کرانے کی سخت ہدایت دیا۔ضلع مجسٹریٹ کے ذریعہ ہدایت دیا گیا کہ کیمپ لگا کر زیادہ سے زیادہ اہل امیدوار کے آیوشمان کارڈ بنائے جائے۔ضلع مجسٹریٹ کے ذریعہ ہدایت دی گئی کہ وزیر اعلیٰ کی منشا کے مطابق سماج کے آخری پائیدان پر بیٹھے افراد کو حکومت کے ذریعہ چلائی جا رہی عوامی فلاحی اسکیموں کا فائدہ ملے۔ میٹنگ میں موجود سبھی ڈاکٹر کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ مریضوں کو بہتر طبی سہولیات دینے میں کسی طرح کی کوئی لاپرواہی کرنے والوں پر سخت کارروائی کی جائے گی۔ ڈی ایم نے چیف میڈیکل افسر کو ہدایت دیا کہ غیر قانونی طور سے چل رہی پیتھالاجی، ہاسپٹل پر مسلسل کارروائی جاری رکھی جائے ساتھ ہی ریزلٹ نہ دینے والے افسران کی شناخت کرکے کارروائی کی جائے۔ڈی ایم کے ذریعہ ہدایت دی گئی ہے کہ جن کمیونٹی صحت مرکزوں پر او ٹی کی سہولت فراہم ہے ان سینٹروں کو ریگولر طور سے آپریٹ کیا جائے جس سے مریضوں کو مذکورہ سہولیات کا فائدہ حاصل ہو سکے۔ میٹنگ کے دوران چیف میڈیکل افسر ڈاکٹر راج کمار، ضلع ترقیات افسر سنیل کمار تیواری، چیف میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر اوم پرکاش، اڈیشنل چیف میڈیکل افسر، نائب چیف میڈیکل افسر، ضلع اطلاعات افسر، تمام ایم او آئی سی اور متعلقہ محکمہ کے افسران وملازمین موجود رہے۔

سرائے میر میں وسیع پیمانے پر مٹی کی غیر قانونی کانکنی جاری

سرائے میر اعظم گڑھ (ایس این بی) تحصیل نظام آباد کے تحت تھانہ سرائے میر میں بڑے پیمانے پر مٹی کی کھدائی اور فروخت کا کام جاری ہے ۔مٹی کی غیر قانونی کھدائی زوروں پر ہونے کے باوجود آخر حکام خاموش کیوں ہے؟ کیا مجبوری ہے کس بات کا انتظار ہو رہا ہے؟ جبکہ اس کام میں مصروف جی سی بی اور ٹریکٹر ٹرالیوں کے پاس رجسٹریشن بھی نہیں ہے۔ان گاڑیوں کے ڈرائیوروں کے پاس ڈرائیونگ لائسنس بھی نہیں ہے۔ اس طرح یہ گروہ حکومت کو دھوکہ دے رہے ہیں۔ محکمہ کے افسران کیوں آنکھیں بند کئے ہوئے ہیں اس سے یہ سوال اٹھتا ہے کہ غیر قانونی کھدائی کرنے والوں کو سخت کارروائی کرنے کے بجائے تحفظ فراہم کیا جا رہا ہے۔ گاؤں بستی کی متنازعہ اراضی پر مٹی ڈال کر قبضہ کیا گیا، جس کی شکایت ضلع کے اعلیٰ حکام کو کی گئی اور تھانہ سرائمیر میں جی سی بی اور ٹریکٹر روک کر بھاری جرمانہ بھی لگایا گیا، لیکن کچھ دیر بعد یہ غنڈہ گردی دوبارہ شروع ہوگئی۔ سیکڑوں ٹرالیاں اس کام میں لگی ہوئی ہیں۔زیادہ مقدار مٹی اٹھانے کے چکر میں ٹریکٹر تیز رفتار چلاتے ہیں جس سے حادثات کا بھی اندیشہ ہے عوامی بحث کے مطابق اگر اس غیر قانونی کام میں ملوث لوگ خوفزدہ ہیں تو یہ بات واضح ہوتی ہے کہ مقامی پولیس کو روزانہ بھاری رقم ادا کی جاتی ہے۔ ضلع مجسٹریٹ اعظم گڑھ کی توجہ مطلوب ہے۔

بوائے فرنڈس سے ملنے نکلی لڑکیوں کو جی آر پی نے پکڑا

پرتاپ گڑھ (ایس این بی) فیس بک پر دوستی کے بعد دو لڑکیاں اپنے اپنے بوائے فرنڈ سے ملنے ٹرین سے نکل گئی۔ایک لڑکی غازی آباد سے پرتاپ گڑھ کیلئے نکلی تو دوسری ٹھانے سے پونے کیلئے نکلی۔ٹھانے والی غلطی سے یوپی آرہی ٹرین میں چڑھ گئی اور بریلی پہنچ گئی۔ پرتاپ گڑھ کیلئے نکلی لڑکی کے بھائی نے اس کے نکلتے ہی پولیس کو اطلاع دی۔جی آر پی نے سی سی ٹی وی میں لڑکی کو دیکھا تو اس کے پیچھے لگ گئی۔غازی آباد سے بریلی تک الرٹ کردیا گیا جس ٹرین میں لڑکی چڑھی تھی اس کے بریلی پہنچتے ہی لڑکی کو اتار لیا گیا۔ایک لڑکی کو اہل خانہ کے سپرد کردیا گیا دوسری لڑکی کو فی الحال چائلڈ لائن کے حوالہ کردیا گیا۔جی آر پی کے مطابق پیر کی شب کو کنٹرول روم سے پیغام آیا۔دہلی سے پرتاپ گڑھ جانے والی پدماوت ایکسپریس میں 17 سالہ لڑکی غازی آباد سے سوار ہوئی اور آشنا سے ملنے پرتاپ گڑھ جا رہی ہے۔غازی آباد میں لڑکی ٹرین میں چڑھتے وقت سی سی ٹی وی فوٹیج میں قید ہوگئی تھی۔ بریلی جنکشن پر جی آر پی اسٹاف کو الرٹ کیا گیا۔رات میں ٹرین کے پہنچنے پر جی آر پی نے لڑکی کو اتار لیا۔لڑکی کے بھائی نے بتایا کہ وہ آبائی طور سے پرتاپ گڑھ میں پٹی تھانہ علاقہ میں رہنے والے ہیں۔لڑکی کے بھائی نے بتایا کہ وہ اب غازی آباد میں رہ کر پرائیویٹ نوکری کرتا ہے۔لڑکی کی فیس بک کے ذریعہ سے پرتاپ گڑھ کے نوجوان سے دوستی ہوئی۔لڑکے نے لڑکی کو پرتاپ گڑھ آنے کو کہا تو لڑکی کنبہ کو بغیر بتائے ہی نکل پڑی۔ ریلوے چائلڈ نے اطفال بہبود سمیتی مجسٹریٹ کے سامنے پیش کیا جہاں سے لڑکی کو کنبہ کے ساتھ بھیج دیا گیا۔

آن لائن فراڈ کرنے والے 2 جعلساز گرفتار

جون پور (ایس این بی) بدلا پور تھانہ حلقہ کے سروکھن پور گاؤں کے اندر پاس کے قریب سے گزشتہ رات کرائم برانچ اور مقامی تھانہ کی ٹیم نے کاروائی کرتے ہوئے آن لائن فراڈ کرنے والے دو جعلسازوں کو گرفتار کرتے ہوئے ان کے پاس سے موبائل، نقدی اور اے ٹی ایم کارڈ برآمد کیا ہے۔تھانہ انچارج روہت مشرا نے بتایا کہ کافی دنوں سے علاقے میں ان لائن فریب دہی کرنے والے گروہ کے سرگرم ہونے کی شکایت مل رہی تھی۔کرائم برانچ انچارج رام جنم یادو کی قیادت میں سرویلاز کے ذریعے بول زبان کی موجودگی مذکورہ انڈر پاس کے قریب ملنے پر گزشتہ رات ٹیم نے چھاپہ ماری کر دو مزمان کو گرفتار کرلیا۔جعلسازوں وویک کمار مشرا ولد راجیش مشرا ساکن نابھی پور تھانہ سنگرامؤ اور اروند کمار پانڈے ولد بجرنگ بہادر پانڈے ساکن سنگرامؤ کے پاس سے پولیس نے پانچ عدد موبائل فون، 55 ہزار نقدی، اے ٹی ایم کارڈ سمیت دیگر سامان برآمد کرتے ہو؟ چالان عدالت بھیج دیا۔

پولیس بھرتی امتحان: ڈی ایم کی افسران کے ساتھ میٹنگ

امبیڈکر نگر (ایس این بی) ضلع مجسٹریٹ اویناش سنگھ کی صدارت میں ایس پی ڈاکٹر کوستبھ کی موجودگی میں اترپردیش پولیس بھرتی امتحان سے متعلق تشکیل کمیٹی کی میٹنگ کلکٹریٹ آڈیٹوریم میں ہوئی۔ میٹنگ میں کمیٹی صدر ضلع مجسٹریٹ نے اترپردیش پولیس بھرتی و ترقی بورڈ لکھنؤ کے ذریعہ نزد مستقبل میں تجویز کانسٹبل سول پولیس کے انتخاب امتحان کو پرسکون ونقل سے پاک کرانے کیلئے حساسیت کے ساتھ کام کرنے کی ہدایت دیا گیا۔انھوں نے کہا کہ حکومت کے ذریعہ دئے گئے معیار کا سختی سے عمل کیا جائے۔میٹنگ کے دوران اڈیشنل ضلع مجسٹریٹ ڈاکٹر سدا نند گپتا، اے ایس پی وشال پانڈے، ضلع ترقیات افسر سنیل کمار تیواری، ضلع اطلاعات افسر اور متعلقہ محکمہ کے افسران وملازمین موجود رہے۔